ہم سے پہلے مال غنیمت کسی کے لیے حلال نہ تھا پھر اللہ تعالی نے ہماری کمزوری اور عاجزی کو دیکھتے ہوئے اسے ہمارے لیے جائز کر دیا

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”انبیا علیہم الصلوۃ و السلام میں سے ایک نبی نے جنگ کا ارادہ کیا، تو اپنی قوم سے کہا کہ میرے ساتھ وہ جہاد میں نہ آئے، جس کا کسی عورت سے نکاح ہوا ہو اور ابھی تک اس سے شب باشی نہ کی، ہو جب کہ وہ اس کا ارادہ رکھتا ہو وہ شخص (بھی نہ آئے) جس نے گھر تعمیر کیا ہو اور ابھی اس کی چھت نہ رکھی ہو وہ شخص (بھی نہ آئے) جس نے بھیڑ بکریاں یا حاملہ اونٹنیاں خریدی ہوں اور اسے ان کے بچے جننے کا انتظار ہو پھر انھوں نے جہاد کیا اور عصر کے وقت یا اس کے قریب قریب بستی کے پاس پہنچے اور سورج سے کہنے لگے کہ: "تو بھی اللہ کا تابع فرمان ہے اور میں بھی اس کا تابع فرمان ہوں اے اللہ! ہمارے لیے اسے اپنی جگہ پر روک دے" چنانچہ سورج رک گیا، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے انھیں فتح عنایت فرمائی پھر انھوں نے اموال غنیمت کو جمع کیا اور آگ اسے جلانے کے لیے آئی؛ لیکن جلا نہ سکی یہ دیکھ کر نبی نے کہا کہ تم میں سے کسی نے مال غنیمت میں چوری کی ہے اس لیے ہر قبیلے کا ایک آدمی آ کر میرے ہاتھ پر بیعت کرے (جب بیعت ہوئی تو) ایک قبیلے کے شخص کا ہاتھ ان کے ہاتھ پر چپک گیا انھوں نے کہا کہ چوری تمھارے قبیلے والوں نے کی ہے اب تمھارے قبیلے کے سب لوگ آئیں اور بیعت کریں چنانچہ اس قبیلے کے دو یا تین آدمیوں کا ہاتھ ان کے ہاتھ سے پر چپک گیا تو انھوں نے فرمایا کہ چوری تمہی لوگوں نے کی ہے چنانچہ وہ لوگ گائے کے سر کی طرح سونے کا ایک سر لائے اور اسے مال غنیمت میں رکھ دیا، تو آگ نے آ کر اسے جلا دیا ہم سے پہلے مال غنیمت کسی کے لیے حلال نہ تھا پھر اللہ تعالی نے ہماری کمزوری اور عاجزی کو دیکھتے ہوئے اسے ہمارے لیے جائز کر دیا“

[صحیح] [متفق علیہ]

نبی ﷺ نے انبیا علیہم الصلوۃ و السلام میں سے ایک نبی کے بارے میں بتایا کہ انھوں نے ایک قوم کے ساتھ جنگ کا ارادہ کیا، جن سے جہاد کا انھیں حکم دیا گیا تھا لیکن آپ علیہ السلام نے ہر اس شخص کو جس نے کسی عورت سے نکاح کیا ہو، لیکن ابھی تک اس سے ہم بستری نہ کی ہو اور ہر اس شخص کو جس نے گھر تیار کیا ہو، لیکن ابھی تک اس کی چھت نہ رکھی ہو اور ہر اس آدمی کو جس نے کچھ بھیڑ بکریاں اور حاملہ اونٹنیاں خریدی ہوں اور ان کے بچے جننے کا منتظر ہو، ان سب کو (جہاد میں شرکت سے) روک دیا کیونکہ ان کے دل ان چیزوں میں لگے ہوتے ہیں، جو ان کے لیے باعث دل چسپی ہیں شادی شدہ آدمی کی توجہ اپنی بیوی پر ہوتی ہے،جس سے اس نے ابھی تک مباشرت نہ کی ہو وہ اس کے لیے مشتاق رہتا ہے اسی طرح وہ شخص جس نے گھر کی دیواریں تو اٹھا لی ہوتی ہیں، لیکن اس کی چھت نہیں ڈالی ہو، اس کا ذہن بھی اپنے گھر پر لگا ہوتا ہے، جس میں وہ اور اس کے اہل خانہ رہائش پذیر ہونا چاہتے ہیں اسی طرح حاملہ اونٹنیوں اور بھیڑ بکریوں کے مالک کا دل بھی ان میں لگا ہوتا ہے اور وہ ان کے بچے جننے کا منتظر ہوتا ہے جہاد کے لیے تو انسان کو بالکل فارغ ہونا چاہیے، بایں طور کہ جہاد کے سوا اسے کوئی اور فکر نہ ہو پھر اس نبی نے جنگ کی اور اس قوم پر نماز عصر کے بعد حملہ کیا رات قریب آ رہی تھی، چنانچہ انھیں اندیشہ لاحق ہوا کہ اگر رات کی تاریکی چھا گئی، تو فتح حاصل نہ ہوسکے گی اس لیے انھوں نے سورج سے مخاطب ہو کر فرمایا: "تو بھی حکم کا پابند ہے اور میں بھی حکم کا پابند ہوں" تاہم سورج کا حکم تکوینی حکم تھا اور اللہ کی طرف سے اس نبی کو جو حکم تھا وہ تشریعی تھا نبی کو جہاد کرنے کا حکم تھا اور سورج مامور تھا کہ جہاں اللہ نے حکم دیا، اس طرف رواں دواں رہے اللہ تعالی کا ارشاد ہے: الشَّمْسُ تَجْرِي لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ۚ ذَٰلِكَ تَقْدِيرُ الْعَزِيزِ الْعَلِيمِ" (یس: 38) ترجمہ: اور سورج کے لیے جو مقررہ راہ ہے، وہ اسی پر چلتا رہتا ہے یہ غالب باعلم اللہ تعالی کا مقرر کردہ اندازہ ہے جب سے اللہ نے اسے پیدا کیا ہے، یہ جہاں کا حکم ہے، وہاں چلا جا رہا ہے، بایں طور کہ نہ تو آگے پیچھے ہوتا ہے اور نہ

ی اوپر نیچ۔۔ اس نبی نے دعا کی: ”ا۔ اللہ!۔مار۔ لیے اس۔ اپنی جگ۔ روک د۔“۔ چنانچ۔ اللہ تعالی نے سورج کو روک دیا اور و۔ اپن۔ وقت پر غروب نہ ہوا، یہاں تک کہ اس نبی نے جنگ کر لی اور بہت سارا مال غنیمت ان کے ہاتھ آیا۔ سابق۔ امتوں میں جنگ میں شریک ہون۔ والوں کے لیے اموال غنیمت حلال نہیں تھے، بلک۔ اموال غنیمت کا حلال ہونا صرف اور صرف اس امت کی خصوصیت ۔۔۔ و للہ الحمد۔ جب کہ سابق۔ امتوں کے لوگ مال غنیمت کو اکٹھا کرتے۔اور اگر اللہ کے ہاں یہ مقبول ہوتا، تو ایک آگ نازل ہو کر اس۔ جلا ڈالتی۔ اس نبی کو جب مال غنیمت حاصل ہوا اور و۔ جمع کیا گیا، تو آگ نے نازل ہو کر اس۔ نے جلایا۔ اس پر یہ نبی کہنے لگے: ”تم میں س۔ کسی نے مال غنیمت میں چوری کی ۔۔“۔ پھر انھوں نے حکم دیا کہ ہر قبیل۔ میں س۔ ایک آدمی آگے آ کر اس بات پر ان س۔ بیعت کر۔ کہ انھوں نے چوری نہیں کی ۔۔۔ جب انھوں س۔ اس بات پر بیعت کرنا شروع کیا کہ انھوں نے چوری نہیں ۔۔ تو اس دوران ان میں س۔ ایک آدمی کا ہاتھ نبی علیہ الصلو۔ و السلام کے ہاتھ میں چپک گیا ۔۔ہاتھ چپکنے پر انھوں نے فرمایا: "چوری تم میں ۔۔"۔ یعنی اس قبیل۔ والوں نے چوری کی ۔۔۔ پھر آپ علیہ السلام نے حکم دیا کہ اس قبیل۔ میں س۔ ہر کوئی الگ الگ بیعت کر۔۔ اس پر ان میں س۔ دو یا تین آدمیوں کے ہاتھ چپک گئے۔۔ اس نبی نے فرمایا: ”چوری تمہار۔ اندر ۔۔“۔ چنانچ۔ و۔ لوگ چوری شد۔ مال لے کر آئے۔۔ انھوں نے سونے س۔ بنی بیل کے سر کی مانند ایک شے چھپا رکھی تھی۔ جب اس۔ لا کر مال غنیمت میں رکھ دیا گیا تو آگ نے اس۔ جلا دیا۔

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/3288